نوعیت میں زیادہ لائق ستائش ہوگی۔

بہرحال کتاب اپنی موجودہ حالت میں بھی لائق مطالعہ ہے۔

مالابد منہ للفقیہہ مولفہ مولانا سید محمد عمیم الاحسان صاحب مفتی مسجد ناخدا کلکتہ۔ سائز ۱۸×۲۲/۸ قیمت ۲ر کتابت طباعت معمولی ضخامت ۱۶ صفحے۔ مذکورۂ بالا پتہ سے ملیگا۔

جناب مولانا نے اس مختصر رسالہ میں اصول فقہ کی ایک سو نوے ایسی اصلیں جمع کی ہیں جن سے فقہ حنفی کے مطابق استنباط احکام شرعیہ میں فقہاءِ کرام نے مدد لی ہے۔ آپ نے اس رسالہ کی تالیف کے وقت السیر الکبیر، الاشباہ والنظائر اور اصول کرخی ایسی اہم کتابیں پیش نظر رکھی ہیں۔ رسالہ میں کتابت کی اغلاط کئی جگہ رہ گئی ہیں۔ ارباب افتاء کے لیے خصوصاً اور عام علماء کے لیے عموماً یہ رسالہ نافع ہوگا۔

حواشی السعدی مصنفہ مولانا سید محمد عمیم الاحسان مفتی مسجد ناخدا کلکتہ، سائز ۲۰×۳۰/۴ ضخامت ۱۶ صفحے کتابت طباعت عمدہ کاغذ متوسط، قیمت ۸ر حضرت مصنف سے طلب کیجیے۔

حضرت مولانا محمد عبدالحق صاحب محدث دہلوی نے مصطلحات علم حدیث میں ایک جامع مقدمہ لکھا تھا جس میں آپ نے علم حدیث کی تمام ضروری اصطلاحات اور مشہور ائمہ حدیث کے تراجم سلجھے ہوئے انداز میں بیان کیے ہیں۔ اب اسی مقدمہ کو مولانا مفتی سید محمد عمیم الاحسان صاحب نے مبسوط حواشی کے ساتھ آراستہ کرکے شائع کیا ہے۔ یہ حواشی فاضل گرامی قدر کی دقتِ نظر اور وسعت معلومات کے شاہد ہیں۔ جہاں اصل مقدمہ کی عبارت میں ابہام تھا۔ اُس کی تشریح کردی ہے۔ اور جہاں دو عبارتوں میں تعارض واقع ہوتا تھا اُس کو بطریق احسن رفع کیا ہے۔ ان باتوں کے علاوہ حواشی جابجا مفید معلومات سے پُر ہیں۔